# Tour of foreign Heads of Mission and their representatives to Hyderabad

December 09, 2020

----------------------------------------------------------------------------------------------------------------

## غیر ملکی سربراہان مشن اور ان کے نمائندوں کا حیدرآباد کا دورہ

09 دسمبر، 2020

1۔ وزارت خارجہ نے 9 دسمبر 2020 کو مشن کے سربراہان اور ان کے نمائندوں کے لئے حیدرآباد کے دورہ کا اہتمام کیا۔ اس دورے کا انعقاد محکمہ بائیو ٹکنالوجی (ڈی بی ٹی) اور بائیو ٹکنالوجی انڈسٹری ریسرچ اسسٹنس کونسل (بی آئی آر اے سی) کے تعاون سے کیا گیا تھا۔

2۔ اس گروپ نے بائیوٹیکنالوجی کی معروف کمپنیوں، بھارت بائیوٹیک اور بائیوولوجیکل ای کی تحقیق اور مینوفیکچرنگ سہولیات کا دورہ کیا۔ شرکاء کو جاری کلینیکل ٹرائلز سمیت، کووڈ 19 ویکسین تیار کرنے کی ہندوستان کی مقامی کوششوں کے بارے میں بتایا گیا۔ ویکسین کی تیاری سمیت دواسازی کے شعبوں میں ہندوستان کی ریسرچ اور ڈولپمنٹ کی سہولیات، مینوفیکچرنگ کی صلاحیت، غیر ملکی تعاون وغیرہ پر روشنی ڈالی گئی۔

3۔ دنیا کے سب سے بڑے ویکسین بنانے والی ملک کی حیثیت سے، ہندوستان کووڈ ۔19 ویکسین تیار کرنے کے لئے عالمی سطح پر کوششوں میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ہندوستان انسانیت کی خدمت میں ویکسین سے متعلق کوششوں میں تمام دلچسپی رکھنے والے ممالک کے ساتھ شراکت کے لئے پرعزم ہے۔

**نئی دہلی**

**09 دسمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.